## سوال

کھانا کھانے کے بعد پانی پینا السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ کیا کھانا کھانے کے بعد پانی پینا سنت ہے یا نہیں ؟

## جواب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

پانی انسانی زندگی کی خلاصہ ہے ،اللہ نے انسان کوماء دافق سے پیدا کیا ہے ، اس کے بغیر انسان زندہ نہیں رہ سکتا ۔ جب بھی ضرورت محسوس ہو آدمی پانی پی سکتا ہے ۔ شرعی طور پراس کی کوئی ممانعت نہیں ہے ۔ کھانا کھانے کے بعد پانی پینا سنت ہے ، اس حوالے سے کوئی روایت میرے علم میں نہیں آئی ۔ یہ آپ کی ضرورت پر منحصر ہے ،اگر آپ ضرورت محسوس کرتے ہیں تو پانی پی لیں اور اگر ضرورت محسوس نہیں کرتے تو نہ پی ءیں ۔ اور کھانا کھانے کے فورا بعد پانی پینا طبی اعتبار سے نقصان دہ ہے ۔ کیونکہ اس سے نظام انہظام میں خرابی پیدا ہو جانے کا خطرہ پیدا ہو جاتا ہے ۔ ہذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دارالافتاء محدث